سوال

(307)ایسے مفید پروگرام سننے کے بارے میں کیا حکم ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض ایسے مفید پروگرام سننے کے بارے میں کیا حکم ہے جو قرآن مجید کی باتوں پر مشتمل ہوں لیکن جن کے درمیان میں موسیقی بھی آجاتی ہو؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسے پروگرام سننے اوران سے استفادہ کرنے میں کوئی حرج نہیں بشرطیکہ موسیقی کے شروع ہونے سے ختم ہونے تک ریڈیو کو بند کردیا جائے کیونکہ موسیقی ،جملہ آلات لہومیں سے ہے ،اللہ تعالی اسے ترک کرنے اوراس کے شر سے محفوظ رہنے کی توفیق ارزاں فرمائے ۔

مقالات وفتاویٰ ابن باز

صفحہ 397

محدث فتویٰ